# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 18 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مثالی ضابطۂ اخلاق کے نفاذ کیلئے مرکزی انتخابی کمیشن کی جانب سے رہنما خطوط جاری۔

☆ قانون ساز کونسل کی رُکن آمشا پاڑوی کی وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں شیوسینا میں شمولیت۔

☆ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں اور انتخابی بانڈز کے معاملے پر راہل گاندھی کی بی جے پی پر تنقید۔

اور۔۔ ☆ دھاراشیو پارلیمانی حلقے سے ایک ہزار سے زائد پرچۂ نامزدگیاں داخل کرنے کا مراٹھا برادری کا انتباہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کے پیشِ نظر مرکزی انتخابی کمیشن نے مثالی ضابطۂ اخلاق کے موثر نفاذ کیلئے رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔ اس ضمن میں کمیشن نے تمام ریاستوں کے کابینی سکریٹری، چیف سکریٹریوں اور چیف انتخابی افسران کو ایک خط ارسال کیا ہے، جس میں اندرونِ 48 گھنٹے عوامی مقامات سے سیاسی تشہیری بورڈ ہٹانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ساتھ ہی کوئی بھی سیاسی جماعت یا امیدوار انتخابی مہم کیلئے سرکاری گاڑی کا استعمال نہیں کرسکتا، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں سرکاری فوائد کے دعوے کرنے والے اشتہارات کی اجازت نہیں ہوگی، کمیشن نے چیف انتخابی افسر اور ضلعی انتخابی افسران کو سیاسی اشتہارات کی روک تھام کیلئے فوری کارروائی کرنے کی ہدایت بھی دی ہے۔ رائے دہندگان میں بیداری کیلئے آکاشوانی، ٹیلی ویژن، سنیما اور سرکاری چینلز کے ذریعے بیداری پروگرام نشر کیے جانے کی وضاحت بھی انتخابی کمیشن نے کی ہے۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایت پر الیکشن کمیشن نے انتخابی بانڈز سے متعلق ڈیجیٹل شکل میں موصول ہونے والی معلومات کو اپنی ویب سائٹ پر دستیاب کرایا ہے۔ ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو ڈاٹ ای سی آئی ڈاٹ' جی او وی ڈاٹ اِن' سلیش کینڈیڈیٹ ڈیش' پالیٹیکل ڈیش پارٹی' ویب سائٹ پر شہری یہ معلومات ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ سیاسی جماعتوں کی جانب سے یہ معلومات ایک مہر بند لفافے میں داخل کیے جانے اور اسی شکل میں یہ معلومات عدالت کے سپرد کرنے کی وضاحت انتخابی کمیشن نے جاری کردہ ایک بیان میں کی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف اضلاع کے ضلع کلکٹرس اور ضلع ریٹرننگ افسران نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے مخاطب ہوکر انتخابات کی تیاریوں کے بارے میں جانکاری دی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے کلکٹر دلیپ سوامی نے بھی اس حوالے سے میڈیا نمائندوں سے بات کی‘ اس دوران انھوں نے ضلعے میں 18 اپریل کو انتخابی نوٹیفکیشن جاری ہونے اور 25 اپریل تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی مہلت ہونے کی وضاحت کی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ کے ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ نے بتایا ہے کہ جالنہ پارلیمانی حلقے میں 19 لاکھ 36 ہزار 990 رائے دہندگان ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ان رائے دہندگان میں 10 لاکھ 18 ہزار 251 مرد، 9 لاکھ 16 ہزار 319 خواتین اور 51 تیسری جنس کے رائے دہندگان شامل ہیں۔ ضلع میں 18 سے 19 سال کی عمر کے نئے ووٹرز کی تعداد 24 ہزار 121 ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پہلی مرتبہ 85 سال سے زائد عمر کے رائے دہندوں اور معذور رائے دہندگان کو ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کرنے کی گئی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ کی ضلع کلکٹر دیپا مدھوڑ منڈے نے سیاسی جماعتوں اور نمائندوں سے انتخابی ضابطۂ اخلاق کی رہنما ہدایات پر عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔ بیڑ ضلع کلکٹر دفتر میں اس حوالے سے منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کر رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ پرچۂ نامزدگی ادخال کے وقت صرف پانچ نمائندوں کو دفتر میں داخلے کی اجازت ہوگی۔ ضلع کلکٹر نے بتایا کہ بیڑ ضلع میں 17 رائے دہی مراکز حساس ہیں اور اس لحاظ سے حفاظتی انتظامات کیلئے اچھی طرح سے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے انتخابات کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ اسی طرح لاتور میں انتخابات کے پیش نظر پولس انتظامیہ قصورواروں پر کارروائی کیلئے تیار ہونے کی بات پولس سپرنٹنڈنٹ سومئے منڈے نے بتائی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے بتایا کہ پارلیمانی انتخابات کیلئے ضلع میں انتظامی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور پولس انتظامیہ کی جانب سے احتیاطی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی قانون ساز کونسل کی رُکن آمشا پاڑوی نے کل ممبئی میں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں شیوسینا میں شمولیت اختیار کر لی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ شندے نے کہا کہ آمشا پاڑوی نے قبائلی اکثریتی ضلع نندوربار میں قبائلی برادری کی بہبود کیلئے مسلسل کوششیں کی ہیں اور ان کی شیوسینا میں شمولیت سے قبائلی اکثریتی علاقے کے لوگوں کو انصاف فراہم کرنا ممکن ہو جائے گا۔

***** ***** *****

کانگریس قائد راہل گاندھی نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں اور انتخابی بانڈز کے موضوعات پر بھارتیہ جنتا پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ وہ کل ممبئی کے شیواجی پارک میدان میں انڈیا اتحاد کے جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ کانگریس رہنما پرینکا گاندھی، سابق وزیر اعلیٰ ادھو ٹھاکرے، رکن پارلیمان شرد پوار، ونچیت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ پرکاش امبیڈکر، تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن، جموں و کشمیر کے سابق وزرائے اعلیٰ فاروق عبداللہ اور محبوبہ مفتی، بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو اور انڈیا اتحاد میں شامل سیاسی جماعتوں کے قائدین اس جلسے میں شریک تھے۔ اجلاس سے قبل راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی نے شیوسینا کے آنجہانی سربراہ بالا صاحب ٹھاکرے کی تصویر پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔

قبل ازیں راہل گاندھی نے کل صبح ممبئی میں منی بھون جا کر مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس کے بعد اگست کرانتی میدان تک نیائے سنکلپ یاترا نکالی گئی۔

***** ***** *****

دریں اثنا، شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ ادھوٹھاکرے آج سے دو دن کا ہنگولی ضلع کا دورہ کر رہے ہیں۔ اس دوران ٹھاکرے آج بسمت، سین گاؤں، کلمنوری میں جبکہ کل عمر کھیڑ اور اردھاپور تعلقوں میں عوامی رابطہ جلسوں سے خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بھوٹان کے وزیر اعظم داشو چھیرنگ توبگے نے کہا ہے کہ بھوٹان مہاراشٹر کے ساتھ سبز کاروبار، سیاحت، تعلیم اور ثقافتی تعاون کو بڑھانے کا خواہاں ہے۔ وہ کل ممبئی میں راج بھون میں گورنر رمیش بئیس سے ملاقات کے بعد مخاطب تھے۔ وزیر اعظم توبگے نے جلد ہی مہاراشٹر میں بھوٹان کا ثقافتی میلہ منعقد کرنے کی بات بھی کہی۔

***** ***** *****

مرکزی یونیورسٹیوں میں مختلف ڈگری کورسیز کیلئے داخلہ امتحان CUET-UG 15 تا 31 مئی کے دوران منعقد ہوں گے۔ اس مدت میں 20 اور 25 مئی ان دو تاریخوں میں عام انتخابات ہوں گے۔ 26 مارچ کو درخواست دہی کی آخری تاریخ کے بعد CUET-UG کیلئے اندراجات کرنے والے طلبہ کی تعداد اور ان کی ریاستی اور انتخابی حلقہ سے متعلق معلومات حاصل ہوگی۔ انتخابات کی تاریخ کے مطابق قومی ٹیسٹنگ ادارہ اس امتحان کے نظام الاوقات ظاہر کرے گا۔ اس طرح کا بیان یو جی سی کے صدر ایم جگدیش کمار نے دیا ہے۔

***** ***** *****

قومی جانچ ایجنسی NIA نے ISIS سے متعلق پونے کے چار املاک پر ضبطی کی کارروائی کی ہے۔ ان جائیدادوں کا استعمال دھماکہ خیز مواد بنانے اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کی تربیت اور منصوبہ بندی کیلئے استعمال ہونے کی اطلاع NIA نے دی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو پارلیمانی انتخابی حلقے میں مراٹھا سماج کی جانب سے ایک ہزار سے زائد امیدواری پرچے داخل کرنے کا انتباہ سکل مراٹھا سماج کی جانب سے دیا گیا ہے۔ دھاراشیو میں کل منعقدہ صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی گئی۔ سکل مراٹھا سماج کے مطابق ریاستی حکومت کا فراہم کردہ مراٹھا سماج کا دس فیصد ریزرویشن قانونی دائرہ میں نہیں آتا، لہٰذا مراٹھا سماج کو OBC کوٹے سے ریزرویشن فراہم کرنے کے مطالبہ کا اعادہ کیا گیا۔

***** ***** *****

بزرگ ادیب ڈاکٹر بھگوان انجنیکر نے لائبریریوں میں سائنسی نقطۂ نظر کو فروغ دینے کی ضرورت کا اظہار کیا ہے۔ اعلیٰ و تکنیکی تعلیم کے محکمے، ڈائریکٹوریٹ آف لائبریری اور ناندیڑ ضلع لائبریری آفیسر دفتر کی جانب سے منعقدہ دو روزہ کتابی میلے کا کل اختتام عمل میں آیا۔ اس موقع پر وہ مخاطب تھے۔

***** ***** *****

ماحولیات دوست ڈاکٹر پون لڈا نے کہا ہے کہ درختوں کا تحفظ ایک مسلسل عمل ہے۔ وہ کل پربھنی میں عالمی یومِ آب کی مناسبت سے منعقدہ خصوصی لیکچر میں خطاب کر رہے تھے۔ جل متر پرتشٹھان اور صفائی گروپ کی جانب سے یہ لیکچر منعقد کیا گیا تھا۔ لاتور شہر کے درختوں کے تحفظ کا جائزہ اس موقعے پر لڈا نے لیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے پر لی تعلقہ کے کنہیر واڑی کے سا کنان نے کل مسائل کی یکسوئی کیلئے دھرنا آندولن کیا۔اس علاقے میں پانی کی قلت کو دور کرنے کیلئے چھوٹے آبپاشی پشتے سے پانی ندی میں چھوڑنے کے مطالبہ کیلئے یہ آندولن کیا گیا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مثالی ضابطۂ اخلاق کے نفاذ کیلئے مرکزی انتخابی کمیشن کی جانب سے رہنما خطوط جاری۔

☆ قانون ساز کونسل کی رُکن آمشا پاڑوی کی وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں شیوسینا میں شمولیت۔

☆ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں اور انتخابی بانڈز کے معاملے پر راہل گاندھی کی بی جے پی پر تنقید۔

اور۔۔ ☆ دھاراشیو پارلیمانی حلقے سے ایک ہزار سے زائد پرچۂ نامزدگیاں داخل کرنے کا مراٹھا برادری کا انتباہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****